لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۳ صفر ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۲ اگست ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	بابت تعین کام نائب تحصیلداران -	۱ و ۲
۲	بابت نقشہ جات ذروات وحسابات -	۲ و ۳
۳	ممانعت سواری دو کس برایک سائیکل -	۳
۴	ثبت علامت بر سواریان تانگہ و کارخانہ سرکاری -	۳ و ۴
۵	رخصت بھگوتی سروپ کلرک -	۴
۶	ترقیات بعہدۂ ... اخراج اسم ضیاء الحق سب انسپکٹر	[illegible]
۷	رخصت ... شاہ آباد -	[illegible]
۸	تبادلہ ... سرسری ... -	[illegible]
۹	رخصت ڈاکٹر ... -	[illegible]
۱۰	نائب رجسٹرار ... -	[illegible]
۱۱	منسوخی رخصت ... خان مدرس -	[illegible]
۱۲	رخصت ... -	[illegible]
۱۳	تبادلہ ... مدرس ... نائب مدرس مدرسہ ... -	[illegible]
۱۴	[illegible]	[illegible]
۱۵	[illegible]	[illegible]
۱۶	[illegible]	[illegible]
۱۷	[illegible]	[illegible]

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم اگست ۱۹۲۷ء

بموجب روئداد کمیٹی تحصیلداران منعقدہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر تعین کام نائب تحصیلداران کی منظوری دیجاتی ہے۔ باستثنا فقرہ اندراج (جانچ سیاہہ جمیع مطالبہ آبپاشی و دیگر مطالبات وغیرہ) کیونکہ جانچ سیاہہ کی خاص ذمہ داری تحصیلداران سے متعلق ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

گیب ... ۱ ...

حسب الحکم ... صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منظوری اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۔ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روئداد کانفرنس تحصیلداران متعلق خدمات نائب تحصیلداران واقع ۲۲ جون سنہ ۱۹۲۰ء

آج تحصیلداران کی کانفرنس حافظ جلیل خانصاحب تحصیلدار حضور تحصیل کے مکان پر منعقد ہوئی۔ اور ایک طویل مباحثہ کے بعد یہ رائے قرار پائی کہ سرکلر صاحبان بورڈ نمبر ۲ مد (۹) مین جو خدمات نائب تحصیلداران درج ہین اُنمین مناسب ضرورت کے لحاظ سے کمی بیشی کرکے ریاست کے نائب تحصیلداران کے متعلق کردے جائین جنکی تفصیل ذیل مین ہے۔

(۱) جب تحصیلدار اپنے صدر مقام سے غیر حاضر ہو اُس زمانہ مین نائب تحصیلدار کے سپرد دفتر تحصیل اور خزانہ رہیگا۔

(۲) نائب تحصیلدار کے سپرد رجسٹرار قانونگو کا دفتر اور تحصیل کے کاغذات متعلقہ داخل ہونگے۔ وہ رجسٹرار قانونگو کے کام کی نگرانی اور اُسکا معائنہ کریگا۔ اور اس امر کا ذمہ دار ہوگا کہ قانونگو مذکور کے رجسٹر حسب قواعد مرتب رکھے جاتے ہین۔ اور یہ کہ نقشہ جات اوقات معینہ پر ٹھیک روانہ کئے جاتے ہین۔ نائب تحصیلدار رجسٹر داخل خارج مالکان اور کھیوٹ خلاف قاعدہ کی جانچ پر خاص توجہ کریگا۔ اُسکا یہ خاص کام ہوگا کہ وہ پٹواریان اور گرداور قانونگویان کے کام کی جانچ بر تمام تحصیل اور گیشو پر کرے اور تاریخون پر جو پٹواریان کی تقسیم تنخواہ کے لئے مقرر ہے تنخواہ پٹواریان تقسیم کریگا۔

(۳) نائب تحصیلدار قرق آمین کے کام کا نگران رہیگا۔ اور اس امر کا ذمہ دار ہوگا کہ قرق آمین کے رجسٹر اور رسیدبک مناسب طور پر مرتب رکھے جائین۔ اس غرض کے لئے نائب تحصیلدار قرق آمین کے حساب کی جانچ اور اُسکا مقابلہ مثلون سے کریگا۔ اور قرق آمین کی کارروائیون کو جب وہ دورہ پر ہوگا جانچیگا۔

(۴) جملہ اہلکاران تحصیل کے کام کا معائنہ باستثناء محرری سرسری کے کہ جنکا تعلق تحصیلدار سے براہ راست ہوگا کریگا۔

(۵) جو احکام ایک ماہ سے زائد زیر تعمیل ہون اُنکا انتخاب ماہوار مع وجہ توقف تعمیل کے بنا کر حسب نقشہ ذیل پیش کریگا۔

نمبر شمار	نمبر رجسٹر احکام مع تاریخ حکم	نام اجلاس	خلاصہ کاغذ	نام اہلکار جسکے پاس حکم زیر تعمیل ہے	وجہ توقف

یہ نقشہ رجسٹر کی شکل مین ہوگا۔ اور ہر مہینہ کی پانچ تاریخ کو تحصیلدار کے سامنے پیش ہوا کریگا۔

(۶) رجسٹر حاضری اہلکاران و رجسٹر حاضری چپراسیان کی نگرانی روزانہ کریگا اور تعطیلات چپراسیان کو مناسب طریقہ پر روزانہ تقسیم کریگا۔

(۷) رجسٹر بارش و پیمانہ بارش کا نگران رہیگا جو متعلق محرر مال ہے۔

(۸) لکڑی کے تخمینہ جات کی جانچ بشرط ضرورت کریگا۔ جو پٹواریان اور قانونگویان گرداور بناکر پیش کرتے ہین اور اس بات کا نگران رہیگا۔ کہ لکڑی کا رجسٹر ٹھیک طور پر مرتب رکھا جاتا ہے اور مشتریان نیلام کو اجازت نامہ ٹھیک وقت پر دیا جاتا ہے۔ اور زر نیلام لکڑی کے وصول کرنے مین توقف بیجا تو نہین کیا جاتا ہے۔

(۹) نائب تحصیلدار علاوہ اُن خدمات کے جنکی صراحت اوپر کی گئی ہے وہ خدمات بھی انجام دیگا جو تحصیلدار اپنی تحریری یا زبانی حکم سے لینا چاہے۔ مثلاً تحقیقات موقع اور انتظام رسد و جانچ سیاہہ تحصیل مطالبہ۔ آبپاشی و دیگر مطالبات وغیرہ۔

دستخط جملہ تحصیلداران صاحبان

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۸ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

نقشہ جات زردات و حسابات بعد مطابقت از خزانہ صدر جسکے جات ماتحت سے ماہواری طلب کئے گئے تھے اور لکھا گیا تھا کہ نقشہ جات مطلوبہ بعد مطابقت از خزانہ اول ہفتہ ہر ماہ مین آجایا کرین جسپر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات نے عدم مطابقت از خزانہ رپورٹ کی تھی جسکی بابت صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کو لکھا گیا تھا کہ اول ہفتہ ہر ماہ مین خزانہ سے مطابقت زردات وغیرہ کرادیجائے صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر نے اپنی رپورٹ مین تحریر کیا ہے کہ نقشہ زردات جو اجلاس ہذا مین آتا ہے اُسکے لئے ۱۰ تاریخ مقرر ہوئی ہے اول ہفتہ مین مطابقت نہین ہوسکتی۔ چونکہ ۱۰ تاریخ کو نقشہ باقی زردات اجلاس مین آجاتا ہے۔ لہٰذا ۱۰ تاریخ تک مقابلہ باقی زردات جسکے جات ماتحت خزانہ سے ہوکر اجلاس ہذا مین آجایا کرے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا جسکہ

سکریٹری صاحبان صیغہ جات ماتحت کو ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل بغرض اطلاع دیوان صدر صاحب فائنشل سکریٹری بہادر کو بھیجی جائے اور لکھا جائے کہ صیغہ جات ماتحت کو ۱۰ ر تاریخ تک مع [illegible] بھیج دیا جائے اور صیغہ جات ماتحت ۱۰ ر تاریخ تک نقشہ جات اجلاس ہذا میں بھیج دیا کریں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

کیپٹن [illegible]

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقعہ ۹ ر اگست سنہ ۱۹۲۲ء

عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مدعی [illegible] کہ سائیکل مع روشنی چلانے کی بابت ممانعت ہوگئی ہے جسکی پابندی ہو رہی ہے۔ اور بحالت خلاف ورزی چالان آرہے ہیں۔ ایک سائیکل پر دو دو آدمی سوار ہو کر بازار میں نکلتے ہیں ایسے سائیکل سوار اکثر راستہ میں گر جاتے ہیں جس سے راہگیروں کے چوٹ لگ جاتی ہے اور نقصان بھی پہنچتا ہے۔ اور سائیکل پر ایک آدمی کی سیٹ ہے۔ ایسی حالت میں دوسرے آدمی کے سوار ہونے کی ممانعت فرمائی جائے۔ اور بحالت خلاف ورزی حسب قاعدہ پولیس سے چالان کیا جائے۔ ملاحظہ ہوئی۔

ایک سائیکل پر ایک آدمی کی سیٹ ہوتی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ سائیکل پر دو دو آدمی سوار ہو کر نکلا کریں کہ جس سے اندیشہ چوٹ وغیرہ کا ہوتا ہے۔ لہذا حسب رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر ممانعت کیجاتی ہے کہ آیندہ سے کوئی شخص سائیکل پر دوسرے آدمی کے ساتھ سوار ہو کر نہ نکلا کرے بحالت خلاف ورزی حسب دفعہ ۸۸ تعزیرات کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جائے۔ ممانعت کا اعلان بذریعہ آواز دہل صیغہ میونسپلٹی سے کرا دیا جائے۔ اس حکم کا عملدرآمد ۲۰ ر اگست سنہ ۱۹۲۲ء سے کیا جائے تاکہ رعایا کو ممانعت کے متعلق بخوبی واقفیت ہو جائے۔ اعلان فوراً آواز دہل کرا دیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب احکام صدر ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور ایک ایک نقل جملہ سکریٹری صاحبان بہادر۔ ایک نقل صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس ہذا کے پاس مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقعہ ۱۰ ر اگست سنہ ۱۹۲۲ء

گاڑی خانہ سرکاری کے رتھ، ٹمٹم، تانگوں پر سرکاری علامت بنا دی گئی ہے جسکی صراحت رپورٹ مہتمم گاڑی خانہ معروضہ ۳۰ ر جولائی سنہ ۱۹۲۲ء مشمولہ کاغذات ہذا میں موجود ہے اور گاڑی خانہ کی سواریاں اس سے قبل کے احکام کے ذریعہ سے لالٹین سے مستثنی ہو چکی ہیں۔ سر رشتہ [illegible] سے ہیں خلاصہ احکام صادر کئے جائیں کہ گاڑی خانہ کی سواریاں شب میں روشنی رکھنے سے مستثنی ہیں اور انپر یہ علامت ہے جسکا ذکر اوپر ہو چکا۔ ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور پرنور شہزادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت۔

جناب عالی گاڑی خانہ کے رتھ تانگہ اور گاڑیوں پر نشان کی کارروائی ہوگئی جسکے کاغذات ملاحظہ اجلاس حضور میں۔ اصل کاغذات میں شامل ہو سکیں حکم فرمایا جاوے

والادب

تحریر ۱۰ ر [illegible] دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رپورٹ مہتمم گاڑی خانہ

جناب عالی حسب الحکم تعمیل ہوئی۔ رتھوں کی [illegible] اور تانگوں کی پچھیتوں پر لفظ **"گاڑی خانہ سرکاری"** تحریر کرا دیا گیا ہے۔ رتھوں کے تانگوں میں [illegible] ٹکٹ [illegible] پرائیویٹ گاڑیوں کے [illegible] پالش کرائے اور [illegible] گاڑی خانہ سرکاری کا لفظ لکھوا کر ٹکٹ چسپاں کر دئیے گئے۔ اطلاعاً معروض ہے۔ ۳۰ ر جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

دستخط مہتمم گاڑی خانہ سرکاری

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۱۰ ر اگست سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دریاء منظوری رخصت [illegible] بھگوانی سروپ ڈیوڑھی کلرک مشاہرہ [illegible] بغرض تعلیم سب اوورسیری از یکم اگست سنہ ۱۹۲۲ء [illegible] دو ماہ بوضع [illegible] رکھا جائیگا اور بقیہ [illegible]۔

حکم

حسب سفارش صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت جگموہن سروپ کلارک کی رخصت دو ماہ بوجہ جراحت، رعایتی رخصت دو ماہ بوضع بیس روپیہ ماہانہ رخصت سات ماہ منظور ہے۔ عوض وضع شدہ تنخواہ سے ایک کلارک عوض خدمت رکھا جائیگا۔ دس روپیہ ماہانہ سات ماہ تک اصل رخصتی کو ملینگے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۲ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

ضیاء الحق سب انسپکٹر کی علالت کا سلسلہ عرصہ سے ہے۔ ۸ ماہ کی رخصت بدفعات بوضع تنخواہ اور بلا وضع تنخواہ اب تک دیجا چکی ہے۔ اب ملاحظہ معائنہ ڈاکٹری سے واضح ہوا کہ نامبردہ کا قلب و جگر خراب ہے۔ جلد امید صحت نہیں لہذا نامبردہ کا نام تاریخ ختم رخصت آخری ۳ اگست سنہ ۱۹۲۶ء سے خارج کیا جائے اور بجائے نامبردہ حسب رپورٹ صاحب سپرنڈنٹ پولیس بصراحت ذیل انتظام تاریخ مذکور سے کیا جانا منظور ہے۔

(۱) فضیلت شاہ خان ہیڈ کانسٹبل بشاہرہ پچیس روپیہ ماہانہ کو باضافہ پانچ روپیہ ماہوار بصلہ حسن انجام دہی خدمات بجائے ضیاء الحق بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار سب انسپکٹر مقرر کیا جائے۔

(۲) بجائے فضیلت شاہ خان کے شمعون علیخان ہیڈ کانسٹبل بشاہرہ بیس روپیہ بوجہ محنت و مستعدی باضافہ پانچ روپیہ پچیس روپیہ کا ہیڈ کانسٹبل کیا جائے۔

(۳) سید ریاست علی ہیڈ کانسٹبل متعینہ عدالت ضلع کو بحق ملازمت دیرینہ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیکر پچیس کا ہیڈ کیا جائے۔

(۴) عبدالقیوم خان کلارک تھانہ شاہ آباد کو باضافہ پانچ روپیہ پندرہ روپیہ کا ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا جائے۔ کیونکہ امتحان میں وہ پاس ہو چکا ہے۔ اور انکو تھانہ شاہ آباد سے کوتوالی تبدیل کیا جائے۔ بجائے نامبردہ عبداللطیف خان کلارک تھانہ گنج سے تھانہ شاہ آباد تبدیل ہو۔

(۵) عبدالقیوم خان کی جگہ نظیر خان دفعدار برخاست شدہ بمعافی قصور بشاہرہ دس روپیہ ماہوار مقرر ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد معہ نوٹ حاکم صاحب صدر بابت منظوری رخصت یکماہ سید ابن علی محرر مال تحصیل شاہ آباد تنخواہی ۵۰ روپیہ از یکم اگست سنہ حال بعوض برج بہادر نصف تنخواہ رخصتی کو اور نصف اصل کو دیجائے۔

حکم

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب و حاکم صاحب صدر ایک ماہ کی رخصت محرر مال تحصیل شاہ آباد بعوض مجوزہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادل

۹ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مقدمہ تبادلہ باہمی احمد رضا خان محرر سرسری تحصیل بلاسپور و ممتاز بہادر خان محرر پرچہ اخبار۔

یہ کاغذات پیش ہوئے۔ احمد رضا خان محرر سرسری تحصیل بلاسپور و ممتاز بہادر خان محرر پرچہ اخبار باہمی تبادلہ چاہتے ہیں۔ اور صاحب سپرنڈنٹ پرچہ اخبار نے اس تبادلہ میں حرج ظاہر نہیں کیا ہے۔ تحصیلدار صاحب بلاسپور نے ۱۴ جولائی کو رپورٹ کی ہے کہ ممتاز بہادر خان آدمی سمجھدار اور کارکردہ ہیں۔ امید ہے کہ بعد چندے اس کام کو اچھی طرح کرینگے۔ اور میں انسے کام لے لونگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

کہ احمد رضا خان محرر سرسری تحصیل بلاسپور و ممتاز بہادر خان محرر پرچہ اخبار کا باہمی تبادلہ منظور ہے۔ ممتاز بہادر خان بحالت تبادلہ بجائے محرر سرسری تحصیل بلاسپور بائیس روپیہ ماہوار تنخواہ پائے۔ جو احمد رضا خان پاتا تھا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل حکم ہذا بخدمت صاحب سپرنڈنٹ پرچہ اخبار مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت
۱۱ اگست ۱۹۲۶ء

منشئہ رپورٹ انچارج صاحب مہتمم بندوبست درباره منظوری رخصت مزید یکماہ سید عابد حسین گرداور علاقہ ٹانڈہ تحصیل ملک بوجہ علالت جسمانی از یکم اگست ۱۹۲۶ء بکارکردگی شیولال پٹواری با انتظام رخصت نصف تنخواہ۔

حکم

ایک ہی وقت میں پٹوارگری اور گرداوری کا ایک شخص سے کام لینا اصول کے خلاف ہے لیکن چونکہ رخصت مطلوبہ مزید یکماہ میں ۲۰ یوم باقی رہ گئے ہیں ان ایام کیواسطے انتظام سابقہ کے خلاف دوسری تجویز کرنا کچھ مناسب نہیں ہے لہذا رخصت مزید یکماہ بسلسلہ انتظام سابقہ منظور کیجاتی ہے۔ اگر کام پٹوارگری یا گرداوری میں کوئی حرج ہو تو جو تنخواہ بعد کارکردگی گرداوری دیجاتی ہے نہ دیجائے اور آئندہ اس صورت سے رخصت نہ دیجائیگی۔ اور اگر کام میں خرابی ہو تو پٹواری کی جگہ دوسرا انتظام کردیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت
۱۴ اگست ۱۹۲۶ء

منشئہ تحریر انچارج صاحب مہتمم بندوبست درباره منظوری رخصت یکماہ شوکت اللہ خان نائب چپراسی انگو سے حضور تحصیل بوجہ علالت از یکم اگست ۱۹۲۶ء بعوض سید صفدر علی امیدوار منظور شدہ جو بوجہ شاگردی خدمتی سے تنخواہ لینا نہیں چاہتا

حکم

حسب سفارش صاحب انچارج اسسٹنٹ تحصیلدار حضور تحصیل شوکت اللہ خان نائب چپراسی کی رخصت یکماہ بعوض سید صفدر علی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۹ اگست ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس منظور حسن خان مدرس مدرسہ ... کی رخصت تین روز یکم اگست ۱۹۲۶ء سے منظور کیگئی لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۹ اگست ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس گوبند پرشاد انگلش ٹیچر مدرسہ گمسیرہ فرخ شاہ خان کی رخصت ایکماہ بوجہ بیماری ۳ اگست ۱۹۲۶ء سے منظور کیگئی منجملہ اسکے رخصت کے دس روز کی رخصت رعایتی ہوگی باقی بلاوضع تنخواہ۔ مدرسہ گمسیرہ فرخ شاہ خان میں سیتا رام بجائے ... لال انٹرنس پاس کو پندرہ روپیہ تنخواہ پر ۳ اگست ۱۹۲۶ء سے مقرر کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ
۱۵ اگست ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ اقدس حسین مدرس اول مدرسہ سوار کا تبادلہ بوجہ خرابی کام وغیرہ کرنے معائنہ مدارس مواضعات سوار باختیار خود بمشاہرہ ... نائب مدرسی پر مدرسہ سیفنی میں کیا گیا۔ اور نامبردہ کا الاؤنس مسدود کیا گیا۔ اور بجائے اقدس حسین کے بشیر احمد مدرس دیورنیاں پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ ... روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ سوار میں مدرس اول پر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی مختار عام
۱۵ اگست ۱۹۲۶ء

منشئہ رپورٹ مہتمم کونسل خاندان مصدقہ ممبر صاحبان کونسل خاندان درباره تصدیق درخواست صاحبزادہ سید نجابت علی خان بہادر وکلاء زمان بیگم متعلقہ موقوفی مختار عام سے عوض حسن

حکم

... باجبرہ سید نجابت علی خاں نے رضامندی اور رضامندانہ کاروائی بیگم صاحبہ کے روبرو ... کمیشن جو بذریعہ ممبر صاحبان کونسل ... جاری ہوا تھا اخراج ... موسومہ ... کی تصدیق کرلی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

درج گزٹ ہوکر کاغذات داخل دفتر ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۱۰ اگست ۱۹۲۲ء

سے گوہنا پرشاد انگلش ٹیچر مدرسہ ... فرخ شاہ خان کی رخصت ... ۹ اگست ۱۹۲۲ء منظور ہوئی تھی۔ نامبردہ ۱۰ اگست سے بحال حاضر مدرسہ ہوگیا۔ لہذا ۱۰ اگست ۱۹۲۲ء سے باقی ایام کی رخصت نامبردہ منسوخ کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۶ اگست ۱۹۲۲ء

سلطان احمد خاں پروف ریڈر کا تقرر بحکم ۲۲ فروری ۱۹۲۲ء عارضی طور پر ... ہوا تھا۔ نامبردہ نے علاوہ اپنے متعلقہ کام کے دیگر کام بھی حسب ہدایت انجام دیے اور اب مستقل طور پر مزید کام و نگرانی انکے سپرد کی گئی ہے۔ سلطان احمد خاں کو تنخواہ وہی ... روپیہ ملتی ہے جو سابق پروف ریڈر کو ملتی تھی جسکے پاس اور کوئی کام نہ تھا۔ سلطان احمد خاں نے کام محنت سے کیا ہے اور علاوہ پروف کی صحت کے دیگر کام بھی انکے سپرد کردیا گیا ہے۔ لہذا نامبردہ کو باضافہ پانچ روپیہ ماہوار ۲۲ اگست ۱۹۲۲ء سے مستقل کیا جاتا ہے۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست [illegible] میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدا ۱۰ لغایتہ ۱۶ اگست ۱۹۲۷ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۰ اگست ۱۹۲۷ء یوم چہار شنبہ	۶	۲۸۷	۵	۲۵۵	½۱۲	۳۲۶	۵	۲۹۱	۱	۳۲۴	۳	۲۷۷
۱۱ ر // // پنجشنبہ	۱	۲۸۸	½۶	½۲۶۹	۷	۳۳۳	۰	۲۹۲	۰	۳۱۴	۰	۲۷۷
۱۲ ر // // جمعہ	۰	۲۸۸	½	۲۶۳	۲	۳۳۹	۵	۲۹۶	۱	۳۱۵	۰	۲۷۷
۱۳ ر // // شنبہ	۲۰	۳۰۸	۱۴	۲۷۶	۹	۳۴۸	۴	۳۰۰	۱۱	۳۲۶	۲۳	۳۰۰
۱۴ ر // // یکشنبہ	۴۳	۳۵۱	۲۳	۲۹۹	۱۰	۳۵۸	۳۰	۳۳۰	۳۵	۳۶۱	۲۸	۳۲۸
۱۵ ر // // دوشنبہ	۳۰	۳۸۱	۳۱	۳۳۰	۳۳	۳۹۱	۱۵	۳۴۵	۱۹	۳۸۰	۲	۳۳۰
۱۶ ر // // سہ شنبہ	۲	۳۸۳	۵	۳۳۵	۷	۳۹۸	۵	۳۵۰	۲	۳۸۲	۲	۳۳۲

ہفتہ سوم ۔ نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲ اگست ۱۹۲۷ء

نام جنس	خصوص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ار ۷ار ۷٫۰ار	۷٫۰ار	۸ ر ار	۰	۸ ار	۷٫۰ار	بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا ۔
نخود خالص	۷٫۰ار ۷٫۰ار	۹ ار	۹٫۰ار	۰	۸ ار	۸ ار	
نخود کسہ دیر	۷٫۰ار	۰	۹٫۰ار	۰	۹ ار	۹ ار	
کسہ	۹٫۰ار	۰	۱۰ار	۰	۹٫۰ار	۹٫۰ار	
ماش	۷٫۰ار ۷٫۰ار	۷٫۰ار	۷ار	۰	۵٫۰ار	۵٫۰ار	
مونگ	۴٫۰ار	۰	۰	۰	۰	۵ار	
مکا	۱۰ار	۰	۱۰ار	۰	۱۱ار	۹ار	
جئی	۱۲ار	۰	۱۳ار	۰	۱۱ار	۱۱ار	
کودجی	۱۱٫۰ار	۰	۱۰ار	۰	۱۱ار	۹٫۰ار	
عدس	۶ار	۰	۷ار	۰	۶٫۰ار	۶ار	
ارہر	۵ار ۵٫۰ار	۰	۷٫۰ار	۰	۶ار	۷ار	
برنج	۳٫۰ار	۳ار ۳٫۰ار	۵٫۰ار	۰	۵٫۰ار	۵ار	
روغن زرد	۷ ۷ چھٹانک	۰ ار	۱ار	۰	۱ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ر ار	۱ ر ار	۱ ر ار	۰	۱٫۰ار	۱٫۰ار	
روغن تلخ	۱ار	۱ار	۱ار	۰	۱ار	۱ار	
نمک سانبھر	۱۲ار	۱۲ار	۷٫۰ار	۰	۱۲ار	۱۲ار	
نمک لاہوری	۶ار	۸ار	۱۳ار	۰	۰	۵ار	
قند سیاہ	۷٫۰ار ۰ ار	۶ار ۷ار	۶ار	۰	۷٫۰ار	۸ار	
باجرہ	۶ار	۰	۰	۰	۰	۹ار	